Maulana Azad National Urdu University
M.A. Persian IV Semester Examination May - 2018
Paper : MAPR401DST : Manuscriptology

پرچہ: مخطوطہ شناسی

Time : 3 hrs — Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر 1

(i) کوہ بی ستون، نقش رستم اور پرس پولس کی دیواروں اور ستونوں پر کندہ کیے ہوئے فرامین اور عبارات کس زبان میں لکھے ہیں؟

(a) پہلوی زبان (b) مادی زبان (c) فارسی باستان (d) زبان اوستائی

(ii) خط میخی سے قبل ایران میں کون سا خط رائج تھا؟

(a) خط پہلوی (b) خط تصویری (c) خط اوستائی (d) خط کوفی

(iii) قدیم مصر کے لوگ کاغذ بنانے کے لئے کون سے پودے کا استعمال کرتے تھے؟

(a) بانس (b) تاڑ (c) ناریل (d) پپائرس

(iv) عروس الخط کے لقب سے کس خط کو پکارا جاتا ہے؟

(a) نسخ (b) تعلیق (c) نستعلیق (d) کوفی

(v) ابن مقلہ شیرازی کون تھا؟

(a) شاعر (b) موسیقی کار (c) خطاط (d) سنگ تراش

(vi) سبک شناسی کے مولف کون ہیں؟

(a) سعید نفیسی (b) بہار مشہدی (c) خانلری (d) شبلی نعمانی

(vii) خط نستعلیق کے موجد کون ہیں؟

(a) ابن مقلہ (b) احمد تبریزی (c) ابن مقتدر (d) میر علی تبریزی

(viii) درخت کے چھال پر لکھے ہوئے مخطوطے کو کیا کہتے ہیں؟

(a) بھوج پتر (b) تام پتر (c) تڈا پتر (d) نال پتر

P.T.O

(ix) ایرانی زبان کا تعلق کس گروہ سے ہے؟

(a) ھند اروپائی (b) ہندآریائی (c) سامی (d) ہندایشیائی

(x) مخطوطوں کو دھونی (Fumigation) کیوں دلائی جاتی ہے؟

(a) سکھانے کے لئے (b) کیڑوں سے بچانے کے لئے (c) ترشہ نکالنے کے لئے (d) تحفظ کے لئے

حصہ دوم

(2) مصری قوم نے پپائرس کے پودے سے کس طرح سامان تحریر فراہم کیا اور کاغذ تیار کیا؟

(3) کاغذ کی ایجاد سے قبل ہندوستان میں کون سے سامان تحریر استعمال ھوتے تھے؟

(4) مخطوطہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اسکی ادبی اہمیت اور افادیت پر ایک نوٹ لکھیے؟

(5) مخطوطے کی نمی اور گرد سے حفاظت کے لئے کیا احتیاطی تدابیر کی جاتی ہیں؟

(6) خط نستعلیق پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(7) مخطوطات کی درجہ بندی میں محقق کو کن اصولوں کو ملحوظ رکھنا چاہیے؟

(8) فارسی میں آرائشی خطوط کون کون سے ہیں؟

(9) سنداور فرامین کس طرح کے دستاویز ہیں؟

حصہ سوم

(10) کیٹلاگنگ کے مقاصد اور اصول کا مفصل تعارف کراتے ہوئے فارسی مخطوطہ کی وضاحتی فہرست میں ضروری اندراجات کو واضح کیجئے۔

(11) مخطوطات کے تحفظ کے لئے اختیار کئے جانے والے مختلف اقدامات اور احتیاطی ومعالجانہ تدابیر پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

(12) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تفصیلی وضاحت کیجئے۔

(1) ترقیمہ (2) رکابہ (3) خط شکستہ

(13) فن تحقیق وتدوین میں مخطوطہ شناسی کی اہمیت پر سیر حاصل بحث کیجئے اور مثالوں کے ذریعہ مخطوطات کی درجہ بندی کے اصولوں کو واضح کیجئے۔

(14) فارسی رسم الخط کی ابتداء وارتقاء کا تعارف پیش کرتے ہوئے آرائشی خطوط پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

☆☆☆